رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2020-2022)

اردو (لازمی) — 222 - (انٹرپارٹ۔II) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) — LHR-G1-22 — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

عمر بھر صحرا نَوردی کی ، مگر شادی نہ کی — قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھدار آدمی
دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود — کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

علائق سے ہوں بیگانہ و لیکن اے دلِ غمگین — تجھے کچھ یاد تو ہو گا کسی سے دوستی کب تھی
حیاتِ چند روزہ بھی حیاتِ جاوداں نکلی — جو کام آئی جہاں کے وہ متاعِ عارضی کب تھی
یہ دنیا کوئی پلٹا لینے ہی والی ہے اب شاید — حیاتِ بےسکوں کے سر میں یہ شوریدگی کب تھی

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدرآباد میں ان کی سیاست دانی، تدبّر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبّر اُن کا لوہا مان گئے تھے۔

3۔ (ب) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) قرطبہ کا قاضی ۔ (ب) اکبری کی حماقتیں ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم ''نوجوان سے خطاب'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) عیدمیلادالنبیؐ ۔

(ب) سوشل میڈیا کے فوائد اور نقصانات۔

(ج) معاشرے میں لائبریری کی اہمیت۔

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

www.taleem360.com

رول نمبر ــــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2022-2020)

اردو (لازمی) 222 - (انٹرپارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 80

LHR-G2-22

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے جو بے انتہا صاحبِ غور بھی ہیں
ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل "مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں"

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مرجاتے ہیں
دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ، دشمنیِ اہلِ ہنر سے ، آ کر منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) ادھر یہ امر پاکستان کی ملّتِ اسلامیہ پر روز بروز واضح ہو رہا ہے کہ اگر اسے اپنی اور دنیا کی طرف اپنا اسلامی اور انسانی فرض ادا کرنا ہے تو پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی۔ جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا ، جس میں بڑے بڑے سرمایہ داروں کے لیے جگہ نہ ہو گی بلکہ جس میں غریبوں اور کارکنوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا ، جس میں عورت کے حقوق اور اس کی شخصیت محفوظ ہو گی۔

3۔ (ب) ایک مرتبہ ایک صاحب کہنے لگے کہ مولانا ظفرعلی زبان اور محاورے کے استاد ہیں۔ اشعار کی بندش خوب ہوتی ہے لیکن ان کے ہاں حقیقی شاعری بہت کم ہے۔ میں نے کہا ذرا بحیرۂ قلزم، لندن کی ایک صبح، رامائن کا ایک سین، پڑھ کر دیکھیے۔ کہنے لگے، "میں نے تو یہ نظمیں نہیں پڑھیں لیکن مولانا کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا قلب عشق ومحبت کے لطیف جذبات سے خالی ہے۔" میں نے گفتگو کا پہلو بدل کر شعرخوانی شروع کر دی۔ پہلے فارسی کے ایک دو شعر سنائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) ہوائی ۔ (ب) پہلی فتح ۔

5۔ سیدضمیرجعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) اسلامی معاشرہ میں مسجد کی اہمیت۔
(ب) اُردو زبان، قومی وحدت کی علامت۔
(ج) میرا پسندیدہ شاعر۔

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

152-222-II-(Essay Type)-96000

www.taleem360.com